روزنامہ دنیا اسلام آباد، ہفتہ، 26 اکتوبر 2024ء

ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

سرکاری ملازمین حقیقی پبلک سرونٹ بنیں، وفاقی محتسب

کورس کے شرکا اپنے فرائض زیادہ اعتماد سے ادا کر سکیں گے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے سرکاری اداروں کی طرف سے شفاف اور موثر خدمات کی فراہمی ازحد ضروری ہے۔ سرکاری ملازمین حقیقی پبلک سرونٹ بنیں۔ وہ گزشتہ روز نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ (NIM) میں 41ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کی تقسیم اسناد کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اعجاز احمد قریشی نے کہا سرکاری ملازمین اور اہلکاروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ حقیقی پبلک سرونٹ بنیں اور اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لئے اپنی کوششیں دوچند کر دیں اور عوام کی توقعات پر پورا اتریں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سے سیکھی گئی مہارتوں کے ذریعے کورس کے شرکا اپنے فرائض زیادہ اعتماد کے ساتھ انجام دے سکیں گے۔ قبل ازیں نم کے ڈائریکٹر جنرل نے کورس کی نمایاں خصوصیات پر روشنی ڈالی۔

ہر مظلوم کی آواز ظلم کے خلاف ABC CERTIFIED حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، پشاور، فیصل آباد اور لندن سے دستیاب ہونے والا قو[illegible]بار

چیف ایڈیٹر: چوہدری نصر اللہ خان وڑائچ

روزنامہ نئی عدالت لاہور

ایڈیٹر: کاشف ایاز چٹھہ

جلد 9	ہفتہ 22 ربیع الثانی 1446، 26 اکتوبر 2024، 12 کاتک 2080 ب	صفحات 8	قیمت 12 روپے	شمارہ 134

www.naladaalat.com

E-mail.naladaalatlhr512@gmail.com

گڈ گورننس کے لئے شفاف اور موثر خدمات ضروری ہیں، اعجاز احمد قریشی

پاکستان ایک بڑا ملک ہے جسے عوامی فلاح کے لئے مختلف شعبوں میں متعدد چیلنجز درپیش ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے سرکاری اداروں کی طرف سے شفاف اور موثر خدمات کی فراہمی ازحد ضروری ہے۔ وہ گزشتہ روز نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ میں 41ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کی تقسیم اسناد کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ پاکستان ایک بڑا ملک ہے جسے عوامی فلاح کے لئے مختلف شعبوں میں متعدد چیلنجز درپیش ہیں لہٰذا سرکاری ملازمین اور اہلکاروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ حقیقی پبلک سرونٹ بننے اور اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لئے اپنی کوششیں دو چند کر دیں اور عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے قابل رسائی اور جوابدہ ہوں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مزید کہا کہ عوام الناس کے تحفظات کے فوری اور منصفانہ جواب کے ذریعے ہی سرکاری افسران اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں عوام کا اعتماد حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سے سیکھی گئی مہارتوں کے ذریعے کورس کے شرکا اپنے فرائض زیادہ اعتماد کے ساتھ انجام دے سکیں گے۔ انہوں نے کورس کے شرکا کو وفاقی محتسب کے مینڈیٹ، کام کے دائرہ کار اور وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات کے ازالے اور مفت و جلد انصاف کی فراہمی کے لئے وفاقی محتسب کی کامیابیوں سے بھی آگاہ کیا۔ قبل ازیں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں کورس کی نمایاں خصوصیات اور شرکا کے لئے پیشہ وارانہ کیریئر میں ان کی مطابقت پر روشنی ڈالی۔ دس ہفتوں کے اس کورس میں مختلف سرکاری اور خودمختار اداروں بشمول پولیس سروس، دفتر خارجہ، ان لینڈ ریونیو سروس، قومی احتساب بیورو اور دیگر اداروں کے افسران نے شرکت کی۔

اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں